DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 310

DATED 05-04-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

***for* (Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05.04.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان میں گرین اور پنک بس فری مارکیٹیں 8 شادی ہالز وریسٹورنٹس 10 بجے بند، کسانوں کو 15 ہزار کا ریلیف کابینہ ارکان 2 ماہ تنخواہ نہیں لیں گے وزیراعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | ذوالفقارعلی بھٹوعظیم مدبر اور پاکستان کے حقیقی معمار تھے، کوہیار ڈومکی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | شہید ذوالفقارعلی بھٹو نے ملک وقوم کو آئینی طور پر طاقتور بنایا، بخت کاکڑ۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | متاثرین بارش کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، نور محمد دمڑ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | شہید ذوالفقارعلی بھٹو ایک سوچ اور فلسفے کا نام ہے، فیصل خان جمالی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | اے سی صدر کا بارشوں کے پیش نظر ہنہ اوڑک وزغون کا دورہ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | ایف بی آر شاہد جان کلیکٹر کوئٹہ کسٹمز کلیکٹر تعینات۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان میں آج بارش وژالہ باری کا نیا سلسلہ شروع ہوگا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | منی پیٹرول پمپس مافیا کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | غیر معیاری پیٹرول فروخت کرنے والے منی پمپ کے خلاف کاروائی ہوگی، ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | حکومت بلوچستان کے زیراہتمام گوادر میں نیشنل یوتھ سمٹ کا انعقاد۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | ملک بھر میں بازار ومارکیٹ شام 6 بجے تک بند کرنے کی تجویز زیرغور۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | حکومت ضبط شدہ ٹیمپرڈ گاڑیاں رعایتی قیمت پر اداروں کو دینے کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | سبزورثے کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف کاروائی کی جائے گی، جنگلات حکام۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بلوچستان میں ایرانی پٹرول لانے میں نرمی کی جائے، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | گرینڈ الائنس کے ساتھ وعدوں پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے، اصغر اچکزئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان کو ایک سیاسی علمی ادبی مزاحمت کی ضرورت ہے، لشکری رئیسانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## من وامان:

## سائل :

یٹے کی پولیس حراست میں ہلاکت کا نوٹس لیا جائے، والد، پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ گرانفروش سرگرم انتظامیہ خاموش، پیٹرول مہنگا مجبور سے
یٹہ کوئی مسافر کوچ روانہ نہ ہوئی، گڈانی پل صحیح بنایا یا نہیں شہریوں کی سوالات بڑھ گئے۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05.04.2026

**اداریہ :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **بلوچستان حکومت کا انسانی وسائل پر سرمایہ کاری، تمام طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کیلئے قابل ستائش اقدامات!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان حکومت کی جانب سے نوجوانوں خواتین، اقلیتوں، ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظرانداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کے لئے تاریخ ساز اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ بینظیر بھٹو اسکالرشپ، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ، پنک بس اینڈ اسکوٹیز پروگرام سمیت اجتماعی بہبود کے منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے۔ یوتھ اینڈ ٹرانس جینڈر پالیسی منظور، معاشرے کے نظرانداز طبقات کی باوقار معاشی، ترقی اور خوشحالی کا سفر شروع ہوگیا۔ ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی سربراہ عظمی یعقوب نے ملاقات کی، خواتین اور پسماندہ طبقات کی ترقی سماجی بہبود کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں خواتین کے معاشی استحکام کے لئے ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ کے تحت بلاسود قرضوں کا اجراء شروع ہوگیا ہے۔ خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے لئے پانچ لاکھ سے پندرہ لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضے فراہم کئے جا رہے ہیں، پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم خواتین کی سفری سہولیات اور خودمختاری کی جانب اہم اقدام ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی پہلی یوتھ پالیسی نوجوانوں کے روشن مستقبل کی آئینہ دار ہے۔ فرانس جینڈر پالیسی کے تحت معاشرے کے اس نظرانداز طبقے کو تعلیم اور ترقی کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں۔

**اداریے :**

**مضامین:**

روزنامہ کوئٹہ نے "**عوامی ریلیف اور قومی کفایت شعاری میں بلوچستان کا مثالی کردار اور میر سرفراز بگٹی کی دانشمندی قیادت؟**" کے عنوان سے شیخ عبدالرزاق کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان کا تعلیمی مشن 25 لاکھ بچے اور نئی نسل کی تربیت کا چیلنج ؟**" کے عنوان سے میر عطاءاللہ بنگلوئی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 40 روپے

جلد 55 | اتوار 16 شوال المکرم 1447ھ 5 اپریل 2026ء | نمبر 93

Bullet No. 1

Page No. 1

# بلوچستان میں گرین اور پنک بس فری، مارکیٹیں 8، شادی ہالز، ریسٹورنٹ 10 بجے بند

## کسانوں کو 15 ہزار کا ریلیف، کابینہ کا 2 ماہ تنخواہ نہیں لینے کا فیصلہ

گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن فیس 15 دن کیلئے معاف، صوبائی حکومت نے ایک ارب سے زائد بچت کی، 2 ارب سے زائد وفاق کو دیئے، تیل کی ذخیرہ اندوزی، گراں فروشی کے خلاف کاروائی کی جائے گی

پاکستان نے ایران، امریکہ اسرائیل جنگ میں انتہائی مثبت کردار ادا کیا، وزیراعلیٰ ہاؤس کی تمام غیر ضروری گاڑیاں بند، پٹرول پر چلنے والی گاڑیاں نیلام کرکے الیکٹرک گاڑیاں لائیں گے، سرفراز بگٹی کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومت بلوچستان نے کفایت شعاری کے تحت نئے اقدامات کا اعلان کردیا، ایک ماہ کیلئے پنک اور گرین بس سروس فری کردی گئی ہے پیر سے صوبے میں مارکیٹیں رات 8 بجے اور شادی ہالز و ریسٹورنٹ 10 بجے بند ہونگے ،صوبے کے چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے 15 ہزار روپے دیئے جائیں گے، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ٹرانسفر/رجسٹریشن فیس 15 دن کے لیے معاف کردی گئی، آئندہ مرحلے میں موٹر سائیکل اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے لیے بھی سبسڈی دینے پر غور کیا جارہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت نے عوامی ریلیف اقدامات کا آغاز کرتے ہوئے ایک ارب روپے سے زائد کی بچت کی ہے ، بلوچستان حکومت وفاق کے کفایت شعاری اقدامات کے اعلان کے بعد ایک ماہ میں 2 ارب روپے سے زائد رقم وفاق کو دے چکی ہے ۔ وزیراعلیٰ ہاؤس سے بچت کا آغاز کردیا گیا ہے، بلوچستان کابینہ نے دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اگر آگے بھی ضرورت پڑی تو قومی مہم میں حصہ ڈالتے ہوئے آئندہ بھی تنخواہیں نہیں لیں گے ۔ تیل کی ذخیرہ اندوزی ، گراں فروشی کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی ، اس موقع پر صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی، میر ضیا لانگو ، بخت محمد کاکڑ، وزیراعلیٰ کے معاون برائے میڈیا و سیاسی امور شاہد رند بھی موجود تھے ۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمسایہ ملک ایران میں انتہائی خطرناک جنگ چل رہی ہے جس کے اثرات پاکستان پر بھی پڑ رہے ہیں ، جنگ کی وجہ سے پاکستان میں بھی مہنگائی بڑھی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جس مدبرانہ انداز میں معاملات کو چلایا ہے اس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایران، امریکہ اسرائیل جنگ میں انتہائی مثبت کردار ادا کیا ہے جس پر ہماری سول و عسکری قیادت خراج تحسین کی مستحق ہے ان کا کردار انتہائی مثبت رہا ہے ، وزیر خارجہ نے چوٹ لگنے کے باوجود بھی چین کا دورہ کیا اس وقت پاکستان کی اہمیت کو نہ صرف محسوس کیا جارہا ہے بلکہ اس کا دنیا کو فائدہ بھی پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ہاؤس سے بچت کا آغاز کردیا ہے اس وقت بھی وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں 50 فیصد عملہ کام کررہا ہے جبکہ 400 اسامیوں کو واپس کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ماہ کے دوران بلوچستان حکومت نے 1.4 ارب روپے سے زائد کی بچت کی ہے گزشتہ برس صوبائی حکومت نے 14 ارب روپے بچائے جن میں ایک ارب روپے کے اخبارات کے اخراجات بھی شامل تھے ۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کابینہ نے دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اور اگر آگے بھی ضرورت پڑی تو قومی مہم میں حصہ ڈالتے ہوئے ہم آئندہ بھی تنخواہیں نہیں لیں گے ۔ انہوں نے کہا کہ فیصلہ کیا ہے کہ ضروری اور سیکورٹی کی گاڑیوں کے علاوہ تمام غیر ضروری گاڑیاں بند ہوں گی جبکہ مستقبل میں وزیراعلیٰ ہاؤس کی پٹرول پر چلنے والی گاڑیاں نیلام کرکے الیکٹرک گاڑیاں لائیں گے جو افسران کی ڈیوٹی کے اوقات میں سولر سے چارج ہونگی کوشش ہوگی کہ دیگر محکموں جہاں پٹرول پر چلنے والی گاڑیاں ضروری نہ ہوں ان میں بھی ایسی ہی اصلاحات لائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 80 ہزار پبلک ٹرانسپورٹ رجسٹرڈ ہے، ان میں سے بعض صوبے کے اندر اور دیگر صوبوں کے لوگ بھی ہیں ہم ٹرانسپورٹرز کو 15 دن کا وقت دے رہے ہیں کہ وہ اپنی ٹرانسپورٹ مفت اپنے نام پر رجسٹرڈ کرائیں اور اگر کسی صورت میں ایسا ممکن نہ ہوسکا اور ان کے پیسے پرانے مالکان کو چلے گئے تو وہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر سے رابطہ کریں ہم انکی شکایات کا ازالہ کریں گے ۔ انہوں نے کہا کہ پیر سے بلوچستان کی تمام مارکیٹوں کو 8 بجے رات بند کیا جائے گا تاجروں کو بھی اس حوالے سے اعتماد میں لوں گا ۔ ریسٹورنٹس اور شادی ہالز رات دس بجے تک کھلے رہیں گے جبکہ میڈیکل اسٹورز پابندی سے مستثنیٰ ہونگے ۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں گندم کی کٹائی کا سیزن شروع ہوگیا ہے ساڑھے 12 ایکڑ تک زمین رکھنے والے چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے ایک ماہ کیلئے تھریشر کی مد میں سبسڈی کے طور پر 15 ہزار روپے دیں گے ، صوبے کے بعض اضلاع ایسے ہیں جہاں کچھ وقت بعد کٹائی ہوگی وہاں کے کسانوں کو بھی کسان کارڈ کے ذریعے سبسڈی ملے گی ۔ اگلے مرحلے میں موٹر سائیکلز اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کو بھی سبسڈی دینے پر غور کیا جارہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ تمام کمشنرز ، ڈپٹی کمشنرز ، ڈی آئی جی سمیت انتظامی افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ تیل کی ذخیرہ اندوزی ، گراں فروشی کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے کسی بھی چیک پوسٹ پر پولیس کو یہ اختیار نہیں کہ وہ انسداد اسمگلنگ کارروائیاں کرے ، پولیس کا کام امن و امان قائم کرنا ہے وہ جرائم کو روکنے کیلئے کام کرے کسٹم اپنا کام خود کرے گا۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی قومی کفایت شعاری اقدامات سے متعلق پریس کانفرنس کررہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی قومی کفایت شعاری اقدامات سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 16 شوال 1447ھ 05 اپریل 2026ء صفحات 24 | شمارہ 270

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

# حکومت نے سرکاری بس سروس ایک ماہ کیلئے فری کر دی، مارکیٹیں، شادی ہالز و ریسٹورنٹ 10 بجے بند کرنیکی تجویز

کسان کارڈ کے ذریعے 15 ہزار روپے دینگے، وزیراعلیٰ

وفاق کے معاشی پروگرام میں بلوچستان نے اپنے حصے سے 7 ارب روپے کی ادائیگی کر دی، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ٹرانسفر و رجسٹریشن فیس 15 دن کے لیے معاف، شہری فائدہ اٹھائیں

بلوچستان حکومت نے 1 ارب روپے 40 کروڑ روپے توانائی کی مد میں بچت کی، صوبے میں کسی قسم کا لاک ڈاؤن نافذ نہیں کیا جا رہا، گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ہوگی

گندم کی کاشت کے سیزن میں ساڑھے 12 ایکڑ تک زمین رکھنے والے چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے تھریشر اخراجات اور سبسڈائزڈ ڈیزل کی مد میں 15 ہزار روپے فراہم کیے جائیں گے

ایران میں جاری جنگ کے اثرات پاکستان پر مرتب ہو رہے ہیں جس کے باعث مہنگائی میں اضافہ ہوا، بلوچستان میں عوام کو بھرپور ریلیف دینگے، میر سرفراز بگٹی کی اجلاس کے بعد پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت قومی کفایت شعاری اور عوامی ریلیف اقدامات سے متعلق اہم اجلاس ہفتہ کے روز چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس کے بعد پریس کانفرنس میں عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے بڑے فیصلوں کا اعلان کیا گیا پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور خطے میں غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر حکومت بلوچستان نے جامع ریلیف پیکج متعارف کرایا ہے اس سلسلے میں کوئٹہ اور دیگر علاقوں میں گرین اور پنک بس سروس کو عوام کے لیے ایک ماہ تک مکمل طور پر مفت کر دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو فوری سفری سہولت میسر آ سکے انہوں نے اعلان کیا کہ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ٹرانسفر/رجسٹریشن فیس 15 دن کے لیے معاف کر دی گئی ہے اور شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس مدت میں اپنی گاڑیاں اپنے نام پر منتقل کریں تاکہ حکومتی سبسڈی سے فائدہ اٹھایا جا سکے وزیراعلیٰ نے بتایا کہ صوبے میں تقریباً 80 ہزار پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ رجسٹرڈ ہیں جن میں گڈز ٹرانسپورٹرز کو خصوصی سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ پبلک ٹرانسپورٹ کے لیے وفاقی ......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کفایت شعاری اقدامات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی وزراء کے ہمراہ کفایت شعاری اقدامات سے متعلق پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سطح پر معاونت حاصل کی جا رہی ہے زرعی شعبے کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ گندم کی کاشت کے سیزن کے پیش نظر ساڑھے 12 ایکڑ تک زمین رکھنے والے چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے تھریشر اخراجات اور سبسڈائزڈ ڈیزل کی مد میں 15 ہزار روپے فراہم کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ آئندہ مرحلے میں موٹر سائیکل اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے لیے بھی سبسڈی دینے پر غور جاری ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ حکومت کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہونے دے گی آئل و دیگر مارکیٹس کی سخت نگرانی کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ہوگی انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس کو کسی بھی چیک پوسٹ پر نان کسٹم پیڈ سامان روکنے کا اختیار نہیں کیونکہ یہ ذمہ داری کسٹمز حکام کی ہے پولیس صرف امن و امان کے قیام پر توجہ دے گی اور کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی توانائی بچت اور کفایت شعاری اقدامات کے تحت وزیراعلیٰ نے بتایا کہ مارکیٹوں کو رات 8 بجے جبکہ ریسٹورنٹس اور شادی ہالز کو رات 10 بجے بند کرنے کی تجویز زیر غور ہے جس پر تاجر برادری سے مشاورت کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش آئل کرائسز کے بعد ممکنہ انرجی کرائسز کے خدشات کے پیش نظر یہ اقدامات ناگزیر ہیں انہوں نے عوام پر زور دیا کہ تعطیلات کو پکنک کے بجائے توانائی کے تحفظ کے لیے استعمال کریں وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے میں کسی قسم کا لاک ڈاؤن نافذ نہیں کیا جا رہا وزیراعلیٰ نے کہا کہ کفایت شعاری مہم کے تحت چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں 50 فیصد عملہ کام کر رہا ہے غیر ضروری اخراجات ختم کر دیے گئے ہیں اور وزیراعلیٰ ہاؤس کی اضافی گاڑیوں کو نیلام کر کے ان کی جگہ بتدریج الیکٹرک گاڑیاں متعارف کرائی جا رہی ہیں انہوں نے بتایا کہ صرف ایک ماہ کے دوران 1.4 ارب روپے سے زائد کی بچت کی گئی ہے جبکہ گزشتہ مالی سال میں مجموعی طور پر 14 ارب روپے کی بچت ممکن بنائی گئی انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت قومی کفایت شعاری مہم کے تحت تین ماہ میں وفاق کو اپنے حصے کے 7 ارب روپے فراہم کر رہی ہے جن میں سے دو ارب روپے سے زائد پہلے ہی جاری کیے جا چکے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اعلان کیا کہ بلوچستان کابینہ نے دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اور اگر ضرورت پڑی تو آئندہ بھی قومی مفاد میں یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا علاقائی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمسایہ ملک ایران میں جاری کشیدہ صورتحال اور جنگ کے اثرات پاکستان پر بھی مرتب ہو رہے ہیں جس کے باعث مہنگائی میں اضافہ ہوا ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت مشکل حالات میں جس انداز سے معاملات کو سنبھال رہی ہے وہ قابل تحسین ہے، تاہم اگر یہ صورتحال طویل ہوئی تو مزید چیلنجز پیدا ہو سکتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان نے ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان کشیدہ صورتحال میں مثبت اور ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے جس پر ملکی سول و عسکری قیادت خراج تحسین کی مستحق ہے، اور عالمی سطح پر پاکستان کی اہمیت میں اضافہ ہو رہا ہے پریس کانفرنس میں صوبائی وزراء میر ظہور احمد بلیدی، میر ضیاء لانگو، بخت محمد کاکڑ اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند بھی موجود تھے۔

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 112 | اتوار، 16 شوال، 5 اپریل 2026ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

گرین، پنک بس سروس فری

# کل سے مارکیٹیں رات 8، شادی ہال و ریسٹورنٹ 10 بجے بند ہونگے، وزیراعلیٰ

## بلوچستان کابینہ نے دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے کا فیصلہ کیا، چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے 15 ہزار روپے دینگے، ایک ماہ میں 2 ارب سے زائد رقم وفاق کو دی، سرفراز بگٹی

## ضروری اور سیکورٹی گاڑیوں کے علاوہ تمام گاڑیاں بند، میڈیکل سٹورز پابندی سے مستثنیٰ، تیل کی ذخیرہ اندوزی و گرانفروشی کیخلاف سخت کارروائی کی جائے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ایک ماہ کیلئے پنک اور گرین بس سروس فری، پیر سے صوبے میں مارکیٹیں رات 8 بجے اور شادی ہال و ریسٹورنٹ 10 بجے بند ہونگے، چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے 15 ہزار روپے دیے جائیں گے، تیل کی ذخیرہ اندوزی، گراں فروشی کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی، وزیراعلیٰ ہاؤس سے بچت کا آغاز کیا ہے، بلوچستان کابینہ نے دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے (باقی صفحہ 5 نمبر 1)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قومی کفایت شعاری اقدامات سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کا فیصلہ کیا ہے اگر آگے بھی ضرورت پڑی تو قومی مہم میں حصہ ڈالتے ہوئے آئندہ بھی نہیں لیں گے۔ بلوچستان حکومت نے عوامی ریلیف اقدامات کا آغاز کرتے ہوئے ایک ارب روپے سے زائد کی بچت کی ہے، بلوچستان حکومت وفاق کے کفایت شعاری اقدامات کے اعلان کے بعد ایک ماہ میں 2 ارب روپے سے زائد رقم وفاق کو دے چکی ہے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی، میر ضیاء اللہ لانگو، بخت محمد کاکڑ، وزیراعلیٰ کے معاون برائے میڈیا و سیاسی امور شاہد رند بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمسایہ ملک ایران میں انتہائی خطرناک جنگ چل رہی ہے جس کے اثرات پاکستان پر بھی پڑ رہے ہیں، جنگ کی وجہ سے پاکستان میں بھی مہنگائی بڑھی ہے، صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جس مدبرانہ انداز میں معاملات کو چلایا ہے اس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایران، امریکہ اسرائیل جنگ میں انتہائی مثبت کردار ادا کیا ہے جس پر ہماری سول و عسکری قیادت خراج تحسین کی مستحق ہے ان کا کردار انتہائی مثبت رہا ہے، وزیرخارجہ نے چوٹ لگنے کے باوجود بھی چین کا دورہ کیا اس وقت پاکستان کی اہمیت کو نہ صرف محسوس کیا جا رہا ہے بلکہ اسکا دنیا کو فائدہ بھی پہنچ رہا ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کے اضافے کے بعد عوامی ریلیف اقدامات کا آغاز کرتے ہوئے ایک ارب روپے سے زائد کی بچت کی ہے، بلوچستان حکومت وفاق کے کفایت شعاری اقدامات کے اعلان کے بعد ایک ماہ میں 2 ارب روپے سے زائد رقم وفاق کو دی جا چکی ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ہاؤس سے بچت کا آغاز کر دیا ہے اس وقت بھی وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں 50 فیصد عملہ کام کر رہا ہے جبکہ 400 اسامیوں کو واپس کر دیا ہے، انہوں نے کہا کہ ایک ماہ کے دوران بلوچستان حکومت نے 1.4 ارب روپے سے زائد کی بچت کی ہے۔ صوبائی حکومت نے 14 ارب روپے بچائے جن میں ایک ارب روپے کے اخبارات کے اخراجات بھی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کابینہ نے دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اور اگر آگے بھی ضرورت پڑی تو قومی مہم میں حصہ ڈالتے ہوئے ہم آئندہ بھی تنخواہیں نہیں لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیصلہ کیا ہے کہ ضروری اور سیکورٹی کی گاڑیوں کے علاوہ تمام غیرضروری گاڑیاں بند ہوں گی جبکہ مستقبل میں وزیراعلیٰ ہاؤس کی پٹرول پر چلنے والی گاڑیاں نیلام کر کے الیکٹرک گاڑیاں لائیں گے جو افسران کی ڈیوٹی کے اوقات میں سولر سے چارج ہوں گی کوشش ہوگی کہ دیگر محکموں جہاں پٹرول پر چلنے والی گاڑیاں ضروری نہ ہوں ان میں بھی ایسی ہی اصلاحات لائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 80 ہزار پبلک ٹرانسپورٹ رجسٹرڈ ہے، ان میں سے بعض صوبے کے اندر اور دیگر صوبوں کے لوگ بھی ہیں ہم ٹرانسپورٹرز کو 15 دن کا وقت دے رہے ہیں کہ وہ اپنی ٹرانسپورٹ مفت اپنے نام پر رجسٹرڈ کرائیں اور اگر کسی صورت میں ایسا ممکن نہ ہو سکا اور ان کے پیسے پرانے مالکان کو چلے گئے تو وہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر سے رابطہ کریں ہم ان کی شکایات کا ازالہ کریں گے۔

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

Bullet No. 1 Page No. 4

جلد نمبر 32 | اتوار 05 اپریل 2026ء بمطابق 16 شوال المکرم 1447ھ | شمارہ نمبر 93

# پنک و گرین بس مفت کردی، مارکیٹیں رات 8 بجے بند کرنے پر مشاورت کرینگے

میر سرفراز بگٹی

تربت، کوئٹہ و دیگر علاقوں میں ایک ماہ کیلئے بس سروس مفت کی گئی، چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے 15 ہزار روپے فراہم کریں گے

گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ٹرانسفر و رجسٹریشن فیس 15 دن کے لئے معاف، گاڑیاں نام پر منتقل کرلیں، سبسڈی دیں گے، وزیراعلیٰ

ریسٹورنٹس اور شادی ہال رات 10 بجے بند کرنے پر تاجروں سے مشاورت ہوگی، جنگ کے باعث ریلیف پیکیج متعارف کرایا، اجلاس کے بعد پریس کانفرنس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت قومی کفایت شعاری اور عوامی ریلیف اقدامات سے متعلق اہم اجلاس ہفتہ کے روز چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس کے بعد پریس کانفرنس میں عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے بڑے فیصلوں کا اعلان کیا گیا پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں

بقیہ نمبر61 صفحہ5پر

میں اضافے اور خطے میں غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر حکومت بلوچستان نے جامع ریلیف پیکج متعارف کرایا ہے اس سلسلے میں کوئٹہ اور دیگر علاقوں میں گرین اور پنک بس سروس کو عوام کے لیے ایک ماہ تک مکمل طور پر مفت کر دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو فوری سفری سہولت میسر آ سکے انہوں نے اعلان کیا کہ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ٹرانسفر/رجسٹریشن فیس 15 دن کے لیے معاف کر دی گئی ہے اور شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس مدت میں اپنی گاڑیاں اپنے نام پر منتقل کریں تاکہ حکومتی سبسڈی سے فائدہ اٹھایا جا سکے وزیراعلیٰ نے بتایا کہ صوبے میں تقریباً 80 ہزار پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ رجسٹرڈ ہیں جن میں گڈز ٹرانسپورٹرز کو خصوصی سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ پبلک ٹرانسپورٹ کے لیے وفاقی سطح پر معاونت حاصل کی جا رہی ہے زرعی شعبے کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ گندم کی کاشت کے سیزن کے پیش نظر ساڑھے 12 ایکڑ تک زمین رکھنے والے چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے ٹریکٹر اخراجات اور سبسڈائزڈ ڈیزل کی مد میں 15 ہزار روپے فراہم کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ آئندہ مرحلے میں موٹر سائیکل اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے لیے بھی سبسڈی دینے پر غور جاری ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ حکومت کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہونے دے گی آئل و دیگر مارکیٹس کی سخت نگرانی کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ہوگی انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس کو کسی بھی چیک پوسٹ پر نان کسٹم پیڈ سامان روکنے کا اختیار نہیں کیونکہ یہ ذمہ داری کسٹمز حکام کی ہے پولیس صرف امن وامان کے قیام پر توجہ دے گی اور کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی توانائی بچت اور کفایت شعاری اقدامات کے تحت وزیراعلیٰ نے بتایا کہ مارکیٹوں کو رات 8 بجے جبکہ ریسٹورنٹس اور شادی ہالز کو رات 10 بجے بند کرنے کی تجویز زیر غور ہے جس پر تاجر برادری سے مشاورت کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش آئل کرائسز کے بعد ممکنہ انرجی کرائسز کے خدشات کے پیش نظر یہ اقدامات ناگزیر ہیں انہوں نے عوام پر زور دیا کہ تعطیلات کو پکنک کے بجائے توانائی کے تحفظ کے لیے استعمال کریں وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے میں کسی قسم کا لاک ڈاؤن نافذ نہیں کیا جارہا وزیراعلیٰ نے کہا کہ کفایت شعاری مہم کے تحت چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں 50 فیصد عملہ کام کر رہا ہے غیر ضروری اخراجات ختم کر دیے گئے ہیں اور وزیراعلیٰ ہاؤس کی اضافی گاڑیوں کو نیلام کر کے ان کی جگہ بتدریج الیکٹرک گاڑیاں متعارف کرائی جا رہی ہیں انہوں نے بتایا کہ صرف ایک ماہ کے دوران 1.4 ارب روپے سے زائد کی بچت کی گئی ہے جبکہ گزشتہ مالی سال میں مجموعی طور پر 14 ارب روپے کی بچت ممکن بنائی گئی انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت قومی کفایت شعاری مہم کے تحت تین ماہ میں وفاق کو اپنے حصے کے 7 ارب روپے فراہم کر رہی ہے جن میں سے دو ارب روپے سے زائد پہلے ہی جاری کیے جا چکے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اعلان کیا کہ بلوچستان کابینہ نے دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اور اگر ضرورت پڑی تو آئندہ بھی قومی مفاد میں یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا علاقائی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمسایہ ملک ایران میں جاری کشیدہ صورتحال اور جنگ کے اثرات پاکستان پر بھی مرتب ہو رہے ہیں جس کے باعث مہنگائی میں اضافہ ہوا ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت مشکل حالات میں جس انداز سے معاملات کو سنبھال رہی ہے وہ قابل تحسین ہے، تاہم اگر یہ صورتحال طویل ہوئی تو مزید چیلنجز پیدا ہو سکتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان نے ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان کشیدہ صورتحال میں مثبت اور ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے، جس پر ملکی سول و عسکری قیادت خراج تحسین کی مستحق ہے، اور عالمی سطح پر پاکستان کی اہمیت میں اضافہ ہو رہا ہے پریس کانفرنس میں صوبائی وزراء میر ظہور احمد بلیدی، میر ضیاء لانگو، بخت محمد کاکڑ اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند بھی موجود تھے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی قومی کفایت شعاری اقدامات سے متعلق پریس کانفرنس کر رہے ہیں

روزنامہ باخبر کوئٹہ

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | اتوار 05 اپریل 2026ء بمطابق 16 شوال 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 94

# بلوچستان حکومت کا بڑا ریلیف پیکیج عوام اور کسانوں کو سبسڈی دینے کا اعلان

صوبے میں مارکیٹیں 8 بجے اور شادی ہالز و ریسٹورنٹ 10 بجے بند ہونگے، میڈیکل اسٹورز پابندی سے مستثنیٰ ہونگے ایک ماہ کے دوران بلوچستان حکومت نے 1.4 ارب روپے سے زائد کی بچت کی وزیراعلیٰ

**ضروری اور سیکورٹی کی گاڑیوں کے علاوہ تمام غیر ضروری گاڑیاں بند ہونگی جبکہ مستقبل میں وزیراعلیٰ ہاؤس کی پٹرول پر چلنے والی گاڑیاں نیلام کرکے الیکٹرک گاڑیاں لائیں گے سی ایم سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس**

بلوچستان کابینہ نے دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اور اگر آگے بھی ضرورت پڑی تو قومی مہم میں حصہ ڈالتے ہوئے ہم آئندہ بھی تنخواہیں نہیں لیں گے پاکستان نے ایران، امریکہ اسرائیل جنگ میں انتہائی مثبت کردار ادا کیا

کوئٹہ (ق ن + نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کے اضافے کے بعد عوامی ریلیف اقدامات کا آغاز کرتے ہوئے ایک ارب روپے سے زائد کی بچت کی ہے، صوبے کے چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے 15 ہزار روپے فراہم کرو ا گے، ٹنک اور گرین بس کو ایک ماہ کیلئے فری کر دیا گیا ہے صوبے میں مارکیٹیں 8 بجے اور شادی ہالز و ریسٹورنٹ 10 بجے بند ہونگے بلوچستان نے قومی سطح پر بچت مہم اور ریلیف اقدامات کے لیے اب تک دو ارب سے زائد حصہ دیا ہے، گزشتہ مالی سال کے دوران 14 ارب روپے کی بچت ہوئی۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی اس موقع پر صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی، میر ضیاء اللہ لانگو، بخت محمد کاکڑ، وزیراعلیٰ کے معاون برائے میڈیا و سیاسی امور شاہد رند بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمسایہ ملک ایران میں انتہائی خطرناک جنگ چل رہی ہے جسکے اثرات پاکستان پر بھی پڑ رہے ہیں جنگ کی وجہ سے پاکستان میں بھی مہنگائی بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جس مدبرانہ انداز میں معاملات کو چلایا ہے اس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے وفاق کے کفایت شعاری اقدامات کے اعلان کے بعد 3 ماہ کیلئے اپنے حصے کے 7 ارب روپے وفاق کو دیے ہیں اب تک ایک ماہ میں 2 ارب روپے سے زائد رقم وفاق کو دی جا چکی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں 80 ہزار پبلک ٹرانسپورٹ رجسٹرڈ ہے ان میں سے بعض صوبے کے اندر اور دیگر صوبوں کے لوگ بھی ہیں ہم ٹرانسپورٹرز کو 15 دن کا وقت دے رہے ہیں کہ وہ اپنی ٹرانسپورٹ کو مفت اپنے نام پر رجسٹرڈ کرائیں اور اگر کسی صورت میں ایسا ممکن نہ ہو سکا اور اگے پیسے پرانے مالکان کو گئے تو وہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر سے رابطہ کریں ہم انکی شکایات کا ازالہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں گندم کی کاشت کا سیزن شروع ہو گیا ہے ساڑھے 12 ایکڑ تک زمین رکھنے والے چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے ایک ماہ کیلئے ٹریکٹر کی مد میں سبسڈی کے طور پر 15 ہزار روپے دیں گے جبکہ صوبے کے بعض اضلاع ایسے ہیں جہاں دیر سے گندم کاشت ہوگی وہاں کے کسانوں کو بھی کسان کارڈ کے ذریعے سبسڈی ملے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو اگلے مرحلے میں موٹر سائیکل اور 800 سی سی تک گاڑیوں کو بھی سبسڈی دینے پر غور کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ تمام منشیات فروشوں [illegible] کی نسبت [illegible] نقل و حمل [illegible] ذخیرہ اندوزی اور گراں فروشی کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی [illegible] پولیس کو یہ اختیار نہیں کہ وہ [illegible] کارروائیاں کریں پولیس کا کام امن و امان قائم کرنا ہے وہ جرائم ہونے سے پہلے کام کرے [illegible] اپنا کام خود کریں کمشنر [illegible] ایماندار شخص ہیں [illegible] اب وہ وقت [illegible] وفاق سے بات کروں گا کہ اس ایماندار شخص کو بلوچستان میں تعینات رہنے دیا جائے۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کہا کہ [illegible] بلوچستان کی تمام مارکیٹوں کو مہذب اور مناسب وقت یعنی 8 بجے رات بند کیا جائے گا تاجروں کو بھی اس حوالے سے اعتماد میں لوں گا ریسٹورنٹس اور شادی ہالز رات دس بجے تک کھلے رہیں گے جبکہ میڈیکل اسٹورز پابندی سے مستثنیٰ ہونگے پوری دنیا میں کاروبار کیلئے تعین وقت ہوتا ہے یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم توانائی کے بحران سے گزر رہے ہوں اور مارکیٹیں کھلی ہوں پہلے بھی چھٹیاں دینے کا مقصد یہ تھا کہ لوگ گھروں پر رہیں اور ایندھن کی بچت ہو لیکن چھٹیوں میں پکنک بڑھ گئی اسوقت بھی محکمہ خزانہ بلوچستان مکمل طور پر بند ہے سوائے صحت اور تعلیم کے تمام محکموں میں کفایت شعاری مہم جاری ہے وزیراعلیٰ ہاؤس سے بچت کا آغاز کر دیا ہے اسوقت بھی وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں 50 فیصد عملہ کام کر رہا ہے جبکہ 400 اسامیوں کو واپس کر دیا ہے ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ضروری اور سیکورٹی کی گاڑیوں کے علاوہ تمام غیر ضروری گاڑیاں بند ہونگی جبکہ مستقبل میں وزیراعلیٰ ہاؤس کی پٹرول پر چلنے والی گاڑیاں نیلام کر کے الیکٹرک گاڑیاں لائیں گے جو افسران کی ڈیوٹی کے اوقات میں سولر سے چارج ہونگی کوشش ہوگی کہ دیگر محکموں جہاں پٹرول پر چلنے والی گاڑیاں ضروری نہ ہوں ان میں بھی ایسی ہی اصلاحات لائی جائیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایک ماہ کے دوران بلوچستان حکومت نے 1.4 ارب روپے سے زائد کی بچت کی ہے گزشتہ سال صوبائی حکومت نے 14 ارب روپے بچائے جن میں ایک ارب روپے کے اخبارات کے اخراجات بھی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کابینہ نے دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اور اگر آگے بھی ضرورت پڑی تو قومی مہم میں حصہ ڈالتے ہوئے ہم آئندہ بھی تنخواہیں نہیں لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایران، امریکہ اسرائیل جنگ میں انتہائی مثبت کردار ادا کیا ہے جس پر ہماری سول و عسکری قیادت خراج تحسین کی مستحق ہے ان کا کردار انتہائی مثبت رہا ہے وزیر خارجہ نے چوٹ لگنے کے باوجود بھی چین کا دورہ کیا اسوقت پاکستان کی اہمیت کو نہ صرف محسوس کیا جا رہا ہے بلکہ اسکا دنیا کو فائدہ بھی پہنچ رہا ہے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قومی کفایت شعاری اقدامات سے متعلق اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-27 | اتوار 05 اپریل 2026ء بمطابق 16 شوال المکرم 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-92

# چھوٹے کسانوں کو 15 ہزار روپے فراہم، پنک گرین بس ایک ماہ کیلئے فری، مارکیٹیں 8 بجے بند ہونگی، سرفراز بگٹی

**بلوچستان حکومت نے وفاق کے کفایت شعاری اقدامات کے اعلان کے بعد 3 ماہ کیلئے اپنے حصے کے 7 ارب روپے وفاق کو دیئے ہیں ایک ماہ میں 2 ارب روپے سے زائد رقم وفاق کو دی گئی ہے**

**ہمسایہ ملک ایران میں انتہائی خطرناک جنگ چل رہی ہے جسکے اثرات پاکستان پر بھی پڑ رہے ہیں جنگ کی وجہ سے پاکستان میں بھی مہنگائی بڑھی ہے، صدر مملکت، وزیراعظم، فیلڈ مارشل نے مدبرانہ انداز میں معاملات کو چلایا ہے**

**بلوچستان حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کے اضافے کے بعد عوامی ریلیف اقدامات کا آغاز کرتے ہوئے ایک ارب روپے سے زائد کی بچت کی ہے، گزشتہ مالی سال کے دوران 14 ارب روپے کی بچت ہوئی، پریس کانفرنس**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کے اضافے کے بعد عوامی ریلیف اقدامات کا آغاز کرتے ہوئے ایک ارب روپے سے زائد کی بچت کی ہے، صوبے کے چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے 15 ہزار روپے فراہم کریں گے، پنک اور گرین بس کو ایک ماہ کیلئے فری کردیا گیا ہے صوبے میں مارکیٹیں 8 بجے اور شادی ہالز و ریسٹورنٹ 10 بجے بند ہونگے بلوچستان نے قومی سطح پر بچت مہم اور ریلیف اقدامات کے لیے اب (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

تک دو ارب سے زائد حصہ دیا ہے، گزشتہ مالی سال کے دوران 14 ارب روپے کی بچت ہوئی۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی اس موقع پر صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی، میر ضیاء اللہ لانگو، بخت محمد کاکڑ، وزیراعلیٰ کے معاون برائے میڈیا و سیاسی امور شاہد رند بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمسایہ ملک ایران میں انتہائی خطرناک جنگ چل رہی ہے جسکے اثرات پاکستان پر بھی پڑ رہے ہیں جنگ کی وجہ سے پاکستان میں بھی مہنگائی بڑھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جس مدبرانہ انداز میں معاملات کو چلایا ہے اس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے وفاق کے کفایت شعاری اقدامات کے اعلان کے بعد 3 ماہ کیلئے اپنے حصے کے 7 ارب روپے وفاق کو دیے ہیں اب تک ایک ماہ میں 2 ارب روپے سے زائد رقم وفاق کو دی جا چکی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں 80 ہزار پبلک ٹرانسپورٹ رجسٹرڈ ہے ان میں سے بعض صوبے کے اندر اور دیگر صوبوں کے لوگ بھی ہیں ہم ٹرانسپورٹرز کو 15 دن کا وقت دے رہے ہیں کہ وہ اپنی ٹرانسپورٹ کو مفت اپنے نام پر رجسٹرڈ کرائیں اور اگر کسی صورت میں ایسا ممکن نہ ہو سکا اور انکے پیسے پرانے مالکان کو گئے تو وہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر سے رابطہ کریں ہم انکی شکایات کا ازالہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں گندم کی کاشت کا سیزن شروع ہو گیا ہے ساڑھے 12 ایکڑ تک زمین رکھنے والے چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے ایک ماہ کیلئے تھریشر کی مد میں سبسڈی کے طور پر 15 ہزار روپے دیں گے جبکہ صوبے کے بعض اضلاع ایسے ہیں جہاں کچھ وقت بعد کاشت ہوگی وہاں کے کسانوں کو بھی کسان کارڈ کے ذریعے سبسڈی ملے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو اگلے مرحلے میں موٹر سائیکلز اور 800 سی سی تک گاڑیوں کو بھی سبسڈی دینے پر غور کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ڈی آئی جی سمیت انتظامی افسران کو ہدایت کردی گئی ہے کہ تیل کی ذخیرہ اندوزی، گراں فروشی کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے کسی بھی چیک پوسٹ پر پولیس کو یہ اختیار نہیں کہ وہ انسداد اسمگلنگ کارروائیاں کریں پولیس کا کام امن و امان قائم کرنا ہے وہ جرائم کو روکنے کیلئے کام کرے کسٹم اپنا کام خود کریگا کسٹم کلیکٹر ایماندار شخص ہیں انکا اپنا گھر تک نہیں اب وہ دو ہفتے بعد واپس بھیجے جا رہے ہیں میں وفاق سے بات کروں گا کہ اس ایماندار شخص کو بلوچستان میں تعینات رہنے دیا جائے۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کہا کہ پیر سے بلوچستان کی تمام مارکیٹوں کو مہذب اور مناسب وقت یعنی 8 بجے رات بند کیا جائے گا تاجروں کو بھی اس حوالے سے اعتماد میں لوں گا ریسٹورنٹس اور شادی ہالز رات دس بجے تک کھلے رہیں گے جبکہ میڈیکل اسٹورز پابندی سے مستثنیٰ ہونگے پوری دنیا میں کاروبار کیلئے تہذیبی وقت ہوتا ہے یہ نہیں ہو سکتا کہ ہم توانائی کے بحران سے گزر رہے ہوں اور مارکیٹیں کھلی ہوں پہلے بھی چھٹیاں دینے کا مقصد یہ تھا کہ لوگ گھروں پر رہیں اور ایندھن کی بچت ہو لیکن چھٹیوں میں پکنک بڑھ گئی اسوقت بھی محکمہ خزانہ بلوچستان مکمل طور پر بند ہے

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BAL...

CLIPPING SERVICE

ochistan Times

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

OL XLV No. 1418 QUETTA Sunday April 05, 2026 / Shawwal 16, 1447 Rs: 30

# Bugti announces relief package amid rising fuel prices



**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Mir Sarfraz Bugti unveiled a wide-ranging relief package to ease the burden on citizens following rising petroleum prices and regional instability. The announcement came during a press conference after a high-level meeting on national austerity and public relief measures at the Chief Minister's ... transporters, while federal assistance is being sought for public transport.

For small farmers owning up to 12.5 acres, the government will provide Rs 15,000 through Kisan Cards to cover thresher costs and subsidized diesel during the wheat cultivation season. Subsidies for motorcycles and vehicles up to 800cc are also under consideration.

Sarfraz Bugti stressed that the ... Balochistan is contributing Rs 7 billion to the federal government within three months, with over Rs 2 billion already released.

Under energy-saving measures, the Chief Minister said proposals are being considered to close markets by 8 p.m. and restaurants and wedding halls by 10 p.m., with final decisions to be made after consultation with traders. He emphasized that these steps are necessary in ... eral government within three months, with over Rs 2 billion already released.

In a symbolic gesture, Sarfraz Bugti announced that the provincial cabinet will forgo two months' salaries, and may continue this practice if required in the national interest.

Addressing regional tensions, Sarfraz Bugti said the ongoing conflict in neighboring Iran is impact-

## JI, Al-Khidmat Foundation striving

expanding industrial activities, widespread deforestation, pollution, and changing climatic ... erosion, conserve groundwater, and mitigate the adverse effects of extreme weather events such ... clear instructions to ensure strict compliance with all existing environmental laws and ... achieving environmental goal. He pointed out that governme initiatives alone are not suf

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 05 APR 2026 Page No. 8

# شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک و قوم کو آئینی طور پر طاقتور بنایا، بخت کاکڑ

شہید بھٹو نے پاکستان کی آئینی و معاشرتی بنیادیں مضبوط اور محروم طبقات کے حقوق و وقار کے تحفظ کو اولین ترجیح دی، صوبائی وزیر صحت

ذوالفقار علی بھٹو نے سیاست کو اشرافیہ کے گرد گھومنے والی سرگرمیوں سے باہر نکالا انکی قیادت میں عوام کو ووٹ کی طاقت ملی برسی کے موقع پر پیغام

کوئٹہ(اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 47ویں برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک جمہوریت پسند، عوام دوست اور تاریخی کردار کے حامل شخصیت تھے، جنہوں نے پاکستان کی ناقابل تسخیر ایٹمی طاقت، آئینی، سیاسی عمل آئین اور معاشرتی بنیادیں مضبوط کیں اور محروم طبقات کے حقوق ......

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

و وقار کے تحفظ کو ہمیشہ اولین ترجیح دی صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ آج ملک کا دفاع جوہری ٹیکنالوجی، کی بدولت ناقابل تسخیر ہے اس کی ابتداء قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے کی ذوالفقار علی بھٹو نے آئینی طور پر عوام کو طاقتور بنایا سیاست کو اشرافیہ کے گرد گھومنے والی سرگرمیوں سے نکال کر عوام تک پہنچایا ان کی قیادت میں عوام کو ووٹ کی طاقت ملی، قومی ادارے مضبوط ہوئے، اور ملکی پالیسی سازی میں عوامی امنگوں کی ترجمانی کو یقینی بنایا گیا صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بھٹو شہید نے ملکی دفاع، ایٹمی پروگرام اور قومی خودمختاری کیلئے تاریخی فیصلے کئے اور پاکستان کی عالمی پوزیشن کو مستحکم بنایا۔

## ذوالفقار علی بھٹو عظیم مدبر اور پاکستان کے حقیقی معمار تھے، کوہیار ڈومکی

شہید بھٹو کا وژن ہر سیاسی کارکن کے لیے مشعل راہ ہے، پی پی پی انکے فلسفے پر عمل پیرا ہے

بختیار آباد(یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان سردار کوہیار خان ڈومکی نے 4 اپریل شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو ایک عظیم مدبر، عوامی رہنما اور پاکستان کے حقیقی معمار تھے، جنہوں نے ملک کو ایک مضبوط آئین اور عوام کو سیاسی شعو..........

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ر دیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو نے ہمیشہ عوام کے حقوق، جمہوریت کی بالادستی اور پاکستان کی خودمختاری کے لیے جدوجہد کی، اور ان کی قربانیاں رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے مزید کہا کہ آج بھی بھٹو شہید کا وژن پاکستان کے ہر سیاسی کارکن کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کے فلسفے پر عمل پیرا ہو کر عوام کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہے، اور ہم اس عہد کی تجدید کرتے ہیں کہ ان کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔ آخر میں انہوں نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کے درجات کی بلندی اور ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لیے دعا بھی کی۔

# شہید ذوالفقار علی بھٹو ایک سوچ اور فلسفے کا نام ہے، فیصل خان جمالی

شہید قائد ایک مدبر، نڈر اور عوام دوست عظیم عوامی لیڈر نے پاکستان کو متفقہ آئین دیا

ملک کو ایٹمی قوت بنانے میں اہم کردار ادا کی ان کی عوامی خدمات اور قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی،

اوستا محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو اسٹاک، سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو ایک سوچ اور فلسفے کا نام ہے 04 اپریل جمہوریت کے علمبردار شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے پاکستان کے عظیم رہنما اور سابق وزیر اعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے انہوں نے مزید کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو ایک سوچ اور فلسفے کا نام ہے، ذوالفقار علی بھٹو ایک مدبر، نڈر اور عوام دوست عظیم عوامی لیڈر رہتے جنہوں نے پاکستان کو متفقہ آئین دیا اور عوامی حقوق کی تحفظ کے لیے تاریخی جدوجہد کی اور ملک کو ایٹمی قوت بنانے میں اہم کردار ادا کی ان کی عوامی خدمات اور قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ 04 اپریل ہمیں جمہوریت، انصاف اور عوامی خدمت کے اصولوں پر قائم رہنے کا پیغام دیتا ہے۔ شہید بھٹو کا وژن آج بھی ہماری سیاسی اور سماجی رہنمائی کا ذریعہ ہے۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی عوامی خدمات کے پیش نظر پیپلز پارٹی چاروں صوبوں کی زنجیر اور وفاق کی علامت ہے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید ذوالفقار علی بھٹو کے درجات بلند فرمائے اور ہمیں ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا کرے۔

Century Express Quetta

# متاثرین بارش کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، نور محمد دمڑ

زیارت، سنجاوی اور ہرنائی میں فوری طور پر ریلیف آپریشن شروع کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہرنائی، زیارت اور سنجاوی میں حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزمائش کی اس گھڑی میں اپنے ضلع کے عوام کے ساتھ مدد کیلئے کھڑا ہوں انہوں نے کہا کہ یہ وقت متاثرہ عوام کی خدمت اور ان کے زخموں پر مرہم رکھنے کا ہے انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات کے دوران پوری قوم کو یکجہتی اور اخوت کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے اختلافات بالائے طاق رکھ کر عوام کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے انسانی جانوں کا تحفظ اور بروقت امداد کی فراہمی ہر چیز پر مقدم ہے حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وہ خود ہرنائی، زیارت اور سنجاوی کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ قریبی رابطے میں ہیں تاکہ امدادی سرگرمیوں میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ آئے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کی ہے کہ متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر ریلیف آپریشن کو تیز کیا جائے، بند سڑکوں کی بحالی یقینی بنائی جائے اور نقصانات کا تخمینہ لگا کر متاثرین کی ہر ممکن مدد کی جائے انہوں نے مزید کہا کہ حکومت متاثرہ عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ریلیف اور بحالی کے کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ مشکل کی اس گھڑی میں صبر و حوصلے کا مظاہرہ کریں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کریں آخر میں صوبائی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ خود فیلڈ میں موجود رہ کر امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کریں گے اور متاثرہ علاقوں کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ....SHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 05 APR 2026 Page No. 10

# ملک بھر میں بازار و مارکیٹیں شام 6 بجے تک بند کرنیکی تجویز زیر غور

توانائی بچت کیلئے چاروں صوبوں سے مشاورت کا عمل تیز کر دیا گیا، صوبائی حکومتیں چیمبرز اور تجارتی تنظیموں سے رائے لے رہی ہیں

بازار، مارکیٹس، دکانیں اور کمرشل زونز صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک کھلے رکھنے کا فیصلہ 1 سے 2 ماہ کے لیے لاگو کیا جا سکتا ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت توانائی نے ملک بھر میں توانائی کی بچت کے لیے چاروں صوبوں سے مشاورت کا عمل تیز کر دیا۔ وزارت توانائی کے ذرائع کے مطابق صوبائی حکومتیں چیمبرز اور تجارتی تنظیموں سے رائے لے رہی ہیں جبکہ ڈسکوز سے بھی متعلقہ ڈیٹا اکٹھا کیا جا رہا ہے۔ وزارت توانائی کے ذرائع کا کہنا ہے کہ بازار، مارکیٹس، دکانیں اور کمرشل زونز صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک کھلے رکھنے کی تجویز پیش کی گئی ہے جسے 1 ........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

سے 2 ماہ کے لیے لاگو کیا جا سکتا ہے۔ وزارت توانائی آئندہ ہفتے لوڈشیڈنگ سے بچاؤ اور پیٹرول کی بچت کے حوالے سے بھی حتمی فیصلہ کرے گی۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایران، مشرق وسطیٰ اور خلیج سمیت پورے خطے میں جنگی صورت حال کے پیش نظر معیشت کے استحکام کے لیے کفایت شعاری، عوامی ریلیف، سادگی اور توانائی کی بچت کے لیے 14 نکاتی فیصلوں کا اعلان کیا تھا جس کے تحت اشرافیہ کے لیے مراعات کو محدود کرتے ہوئے سرکاری اخراجات میں کمی و بچت کی ہدایت کی گئی تھی۔

# حکومت کا ضبط شدہ ٹیمپرڈ گاڑیاں رعایتی قیمت پر اداروں کو دینے کا فیصلہ

کسٹمز ڈپارٹمنٹ کی جانب سے پکڑی گئی ٹیمپرڈ گاڑیاں وفاقی اداروں کو 15 فیصد اور صوبائی اداروں کو 50 فیصد قیمت پر ملیں گی

کسی فرد کو ٹیمپرڈ گاڑی فروخت نہیں کی جائیگی، 1800 سی سی سے زائد گاڑیاں اینٹی اسمگلنگ یونٹس کیلئے مختص ہونگی، ایف بی آر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے پکڑی گئی ٹیمپرڈ گاڑیاں سرکاری اداروں کو رعایتی قیمت پر دینے کا فیصلہ کرلیا ہے، جس کے تحت وفاقی اداروں کو 15 فیصد اور صوبائی اداروں کو 50 فیصد قیمت پر گاڑیاں ملیں گی۔ وفاقی حکومت نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی کسٹمز ڈپارٹمنٹ کی جانب سے پکڑی گئی ٹیمپرڈ گاڑیاں رعایتی قیمت پر سرکاری اداروں کو دینے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ وفاقی ........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

اداروں کو 15 فیصد، صوبائی اداروں کو 50 فیصد قیمت پر گاڑیاں ملیں گی اور 1800 سی سی سے زائد گاڑیاں صرف اینٹی اسمگلنگ یونٹس کے لیے مخصوص ہوں گی تاہم کسی فرد کو ٹیمپرڈ گاڑی فروخت نہیں کی جائے گی۔ اس حوالے سے بتایا گیا کہ ٹیمپرڈ گاڑیوں کی ادائیگی صرف سرکاری اکاؤنٹس کے ذریعے ہوگی، 5 سال تک فروخت نہ ہونے والی گاڑیاں تلف کر دی جائیں گی، جس کے لیے تمام گاڑیوں کا ڈیجیٹل ریکارڈ اور مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروا دیا گیا ہے۔ میڈیا کو دستیاب دستاویز کے مطابق ایف بی آر نے کسٹمز آرڈر نمبر چار جاری کردیا ہے جس کے تحت وفاقی حکومت نے کسٹمز کے زیر تحویل ضبط شدہ ٹیمپرڈ گاڑیوں کے استعمال اور فروخت کے حوالے سے نیا ضابطہ جاری کر دیا ہے اور خلاف ورزی پر گاڑی ضبط اور افسران کے خلاف کارروائی ہوگی۔

# سبز درختوں کو نقصان پہنچانے والوں کیخلاف کارروائی کی جائیگی، جنگلات حکام

کوئٹہ کے علاقے سیٹلائٹ ٹاؤن میں درختوں کو نقصان پہنچانے کے معاملے پر محکمہ جنگلات کے حکام کا سخت کارروائی کا فیصلہ

متعلقہ ایس ڈی او کے خلاف باضابطہ ایف آئی آر درج کی جائے گی، کارروائی میں استعمال ہونیوالی گاڑی بھی تحویل میں لی جائیگی

ایس ڈی او کیسکو ریحان نذیر کو ایف آئی آر میں نامزد کیا گیا ہے، مقدمہ سول مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے سیٹلائٹ ٹاؤن میں درختوں کو نقصان پہنچانے کے معاملے پر محکمہ جنگلات نے سخت کارروائی کا فیصلہ کرتے ہوئے کیس درج کرنے اور ذمہ دار آفیسر کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا اعلان کر دیا۔ محکمہ جنگلات کے حکام کے مطابق کنزرویٹر آف فاریسٹ کوئٹہ ڈویژن نیاز خان کاکڑ نے ٹیم کے ہمراہ کیسکو کے سب آفس کا دورہ کیا، جہاں تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ درختوں کی مکمل کٹائی کے بجائے غیر قانونی اور شدید حد تک شاخ تراشی (لوپنگ) کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ درختوں کی اہم اور بنیادی شاخیں اس انداز میں کاٹی گئیں جس سے ان کی ساخت کو شدید نقصان پہنچا اور ان کی نشوونما اور ماحولیاتی اہمیت متاثر ہوئی۔ حکام کے مطابق کٹی ہوئی لکڑی (بایو ماس) کیسکو کی جانب سے لے جائی گئی، جس پر محکمہ جنگلات نے سخت نوٹس لیا ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ ایس ڈی او کے خلاف باضابطہ ایف آئی آر درج کی جائے گی جبکہ کارروائی میں استعمال ہونے والی گاڑی کو بھی تحویل میں لیا جائے گا۔ محکمہ جنگلات حکام کا کہنا ہے کہ مقدمہ سول مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا اور ایس ڈی او واپڈا ریحان نذیر کو ایف آئی آر میں نامزد کیا گیا ہے۔ حکام نے واضح کیا کہ شہر کے سبز ورثے کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
NERAL OF PUBLIC
TIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Dated 05 APR 2026 Page No. 13

# بلوچستان حکومت کا انسانی وسائل پر سرمایہ کاری، تمام طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کیلئے قابل ستائش اقدامات!

بلوچستان حکومت کی جانب سے نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں، ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظر انداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کے لئے تاریخ ساز اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ بینظیر بھٹو اسکالرشپ، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ، پنک بس اینڈ اسکوٹیز پروگرام سمیت اجتماعی بہبود کے منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے۔ یوتھ اینڈ ٹرانس جینڈر پالیسی منظور، معاشرے کے نظر انداز طبقات کی باوقار معاشی، ترقی اور خوشحالی کا سفر شروع ہو گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی سربراہ عظمیٰ یعقوب نے ملاقات کی، خواتین اور پسماندہ طبقات کی ترقی سماجی بہبود کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں خواتین کے معاشی استحکام کے لئے ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ کے تحت بلاسود قرضوں کا اجراء شروع ہو گیا ہے۔ خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے لئے پانچ لاکھ سے پندرہ لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضے فراہم کئے جا رہے ہیں، پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم خواتین کی سفری سہولیات اور خود مختاری کی جانب اہم اقدام ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی پہلی یوتھ پالیسی نوجوانوں کے روشن مستقبل کی آئینہ دار ہے۔ ٹرانس جینڈر پالیسی کے تحت معاشرے کے اس نظر انداز طبقے کو تعلیم اور ترقی کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں۔ اقلیتوں کی بہبود بلوچستان حکومت کی ترجیحات کا حصہ ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ بلوچستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکالرشپ پروگرام موجودہ صوبائی حکومت نے شروع کیا ہے، بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے تحت میٹرک تا اعلیٰ تعلیم کے لئے 200 عالمی جامعات کے دروازے بلوچستان کے طالب علموں کے لئے کھول دیئے ہیں۔ وطن عزیز پر جان نچھاور کرنے والے شہداء سمیت سویلین شہداء کے بچوں کے 16 سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی۔ اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے لئے سالانہ ایک سو سے زائد اسکالرشپ مختص کی گئی ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ معاشرے کے تمام طبقات کو مساوی مواقع کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، کسی کو پیچھے نہیں چھوڑا جائے گا۔ تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبوں میں شمولیتی پالیسیوں کے ذریعے پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ حکومت بلوچستان انسانی حقوق کے تحفظ اور سماجی انصاف کے فروغ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ نوجوانوں، اقلیتوں اور نظر انداز طبقات کو با اختیار بنانا ترقی یافتہ بلوچستان کی بنیاد ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ٹرانس جینڈر پالیسی کی تشکیل میں نمایاں معاونت پر غیر سرکاری ادارے ایف ڈی آئی پاکستان کو خراج تحسین کیا، ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب کو حسنِ کارکردگی سرٹیفکیٹ دیا اور ادارے کی سماجی خدمات کو سراہا۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے یکساں ترقی اور تمام طبقات کو اس عمل میں شریک کرنے کیلئے سرمایہ کاری قابل ستائش اقدام ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی انسانی وسائل سمیت ترقیاتی منصوبوں اور ہر شعبے میں بہتری لانے کیلئے خصوصی دلچسپی سے صوبے میں بہتری آ رہی ہے، تعلیم اور صحت کے شعبے میں اصلاحات واضح مثال ہیں جن سے خاص کر نوجوان طبقہ مستفید ہو رہا ہے اور صحت کی سہولیات سے عوام کی مشکلات میں کمی آئی ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں جبکہ خواتین کو بھی ترقی کے عمل میں شامل کیا جا رہا ہے اور انہیں خود کفیل بنانے کے ساتھ دیگر منصوبوں پر بھی کام کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان حکومت کے حالیہ اقدامات سے مستقبل میں صوبے میں ترقی و خوشحالی سے ہر طبقہ مستفید ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

No. 2 Dated 05 APR 2026 Page No. 14

# عوامی ریلیف اور قومی کفایت شعاری میں بلوچستان کا مثالی کردار، میر سرفراز بگٹی کی دانشمندانہ قیادت

تحریر، شیخ عبدالرزاق

بلوچستان کے عوام کے لیے گزشتہ روز وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے اعلان کردہ جامع ریلیف پیکج نے صوبے میں ایک نیا معاشی اور سماجی سنگ میل قائم کر دیا ہے۔ جہاں ایک طرف پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور ہمسایہ ملک ایران میں جاری کشیدہ صورتحال نے پوری خطے میں غیر یقینی کی لہر دوڑا رکھی ہے، وہیں بلوچستان کی حکومت نے عوام کو براہ راست ریلیف دینے کا جو ماڈل پیش کیا ہے، وہ پوری قوم کے لیے قابل تقلید ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے نہ صرف یہ ثابت کیا ہے کہ وہ عوامی مسائل کو سمجھتے ہیں بلکہ ان کے حل کے لیے فوری اور ٹھوس اقدامات کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ گرین اور پنک بس سروس کو ایک ماہ کے لیے مکمل طور پر مفت کرنا، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ٹرانسفر فیس میں 15 دن کی معافی، اور چھوٹے کسانوں کو کسان کارڈ کے ذریعے 15 ہزار روپے کی براہ راست امداد یہ تمام فیصلے بتاتے ہیں کہ بگٹی کی حکومت عوام کے دکھوں کو سنجیدگی سے لے رہی ہے لیکن اس سے بھی بڑھ کر قابل ستائش کام وہ کفایت شعاری ہے جو خود وزیر اعلیٰ نے اپنی انتظامیہ سے شروع کی بلوچستان کابینہ کا دو ماہ کی تنخواہیں نہ لینے کا فیصلہ، وزیر اعلیٰ ہاؤس کی اضافی گاڑیوں کی نیلامی، الیکٹرک گاڑیوں کا متبادل، اور چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں 50 فیصد عملے کے ساتھ کام کرنا یہ وہ اقدامات ہیں جو حقیقی قیادت کی عکاسی کرتے ہیں۔ محض ایک ماہ میں 4.1 ارب روپے کی بچت اور گزشتہ مالی سال میں 14 ارب روپے کی مجموعی بچت اس بات کا ثبوت ہے کہ بگٹی نے صرف تقریروں میں نہیں بلکہ عملی طور پر قومی وسائل کے تحفظ کو یقینی بنایا ہے علاقائی سطح پر بھی میر سرفراز بگٹی نے پاکستان کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے ایک باشعور اور ذمہ دار لیڈر کا کردار ادا کیا ہے۔ ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی کے دوران ان کا یہ کہنا کہ "پاکستان کی سول اور عسکری قیادت خراج تحسین کی مستحق ہے" قومی یکجہتی کا بہترین اظہار ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ صرف ایک سیاسی شخصیت نہیں بلکہ ایک حقیقت پسند، عوام دوست اور قوم پرست لیڈر ہیں۔ ان کے یہ اقدامات آنے والے وقتوں میں پورے پاکستان کے لیے ایک روشن مثال کے طور پر یاد رکھے جائیں گے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
NERAL OF PUBLIC
TIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MEEZAN QUETTA
Dated: 05 APR 2026 Page No. 15

# بلوچستان کا تعلیمی مشن: 25 لاکھ بچے اور نئی نسل کی تربیت کا چیلنج



تحریر: میر عطاء اللہ منگوئی (تجزیہ نگار)

بلوچستان کی پسماندگی کی داستان محض وسائل کی کمی کی کہانی نہیں، بلکہ یہ ایک پوری نسل کے خوابوں کے بکھرنے کا نوحہ ہے۔ جب ہم ایک ایسے صوبے کی بات کرتے ہیں جو جغرافیائی طور پر پاکستان کا سب سے بڑا حصہ ہے، تو وہاں کی تعلیمی شرح خواندگی کا قومی معیار سے دور ہونا ایک قومی المیہ ہے۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے 25 لاکھ اسکول سے باہر (Out of School) بچوں کو تعلیمی اداروں میں داخل لانے کا حالیہ عزم ایک انقلابی قدم ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کا یہ ایجنڈا دراصل اس بنجر زمین میں امید کی کاشت کرنا ہے، لیکن اس عظیم مقصد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ہمیں تلخ حقائق کو تسلیم کرنا ہوگا۔ جو صوبے کے تعلیمی ڈھانچے کا جائزہ لیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کل 15,096 سرکاری اسکول ہیں، جن میں سے 12,000 سے زائد صرف پرائمری سطح کے ہیں۔ المیہ یہ ہے کہ تقریباً 5,500 اسکول صرف ایک استاد کے سہارے چل رہے ہیں اور 3,000 سے زائد اسکولوں کی اپنی کوئی عمارت ہی نہیں ہے۔ جب تک ہم ان بنیادی مسائل کو حل نہیں کرتے، محض داخلہ مہم سے مطلوبہ نتائج حاصل کرنا مشکل ہوگا۔ ہمیں اساتذہ کی کمی کو پورا کرنا ہوگا، کیونکہ موجودہ 50 ہزار سے زائد اساتذہ اس بوجھ کو اٹھانے کے لیے ناکافی ہیں۔ تعلیم محض کتابیں رٹنے کا نام نہیں، بلکہ یہ شخصیت سازی کا عمل ہے۔ مجھے کوئٹہ کے بازار کا وہ نوجوان یاد آتا ہے جس نے اپنے اخلاق اور تحمل کرنے کی صلاحیت سے ثابت کیا کہ تربیت کیا ہوتی ہے۔ ہمیں اپنے اساتذہ کو اسی طرح محبت اور اپنائیت کا ہنر سکھانا ہوگا۔ جاپانی ماڈل کی طرح ابتدائی کلاسوں میں نمبروں کے بجائے اخلاق، بڑوں کا ادب اور سچائی جیسی تمیز سکھانے پر زور دینا چاہیے۔ جب اسکول کا ماحول خوف کے بجائے کھیل کود اور محبت کا مرکز بنے گا، تو بچے خود اسکول کی طرف کھنچے چلے آئیں گے۔ انتظامی سطح پر یونین کونسل کی سطح کمیٹیاں بنانے کی ضرورت ہیں جن کی سربراہی اے سی یا تحصیلدار کریں اور ان میں مقامی معتبرین اور والدین شامل ہوں۔ ہیڈ ماسٹر کو مالی طور پر بااختیار بنایا جائے تاکہ وہ کسی غریب بچے کا داخلہ محض کاغذی کارروائی یا تصویر کے پیسے نہ ہونے کی وجہ سے نہ روکے۔ پرائیویٹ سیکٹر کے لیے بھی ایک سخت ریگولیٹری فارمولا ہونا چاہیے جو فیسوں اور معیارِ تعلیم میں توازن رکھے۔ جہاں اسکول دور ہوں، وہاں پڑھی لکھی خواتین کو "ہوم اسکولنگ" کے لیے مراعات دی جائیں۔ اگر ہم سب مل کر اس مشن میں حصہ ڈالیں، تو بلوچستان کا مستقبل روشن ہو سکتا ہے۔